**CCE PF**
**REVISED**

ಕರ್ನಾಟಕ ಪ್ರೌಢ ಶಿಕ್ಷಣ ಪರೀಕ್ಷಾ ಮಂಡಳಿ, ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು – **560 003**

**KARNATAKA SECONDARY EDUCATION EXAMINATION BOARD, MALLESWARAM, BANGALORE - 560 003**

ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಪರೀಕ್ಷೆ, ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್, 2018

**S. S. L. C. EXAMINATION, MARCH/APRIL, 2018**

ಮಾದರಿ ಉತ್ತರಗಳು

**MODEL ANSWERS**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2018 ] ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : **66-U**

Date : 04. 04. 2018 ] **Code No. : 66-U**

ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ – ಉರ್ದು

Subject : **Third Language - URDU**

**( ಹೊಸ ಪಠ್ಯಕ್ರಮ /New Syllabus )**

**(ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / Private Fresh)**

**[ ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 100**

**[ Max. Marks : 100**

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | **PART-A/حصّہ-الف** | |
| 12 × 1 = 12 | درج ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : | |
| | ’معراج‘ کا مطلب کیا ہے ؟ | .1 |
| 1 | جواب : حضور اکرمؐ کا آسمانوں سے اوپر جانا اور تجلیات الٰہی کا مشاہدہ کرنا۔ | |
| | لسانی تقسیم سے پہلے کلبرگی کس ریاست کا ضلع رہا ؟ | .2 |
| 1 | جواب : حیدرآباد۔ | |
| | ’معمارِ میسور‘ کے نام سے کون مشہور ہے ؟ | .3 |
| 1 | جواب : سرایم وشویشوریّا۔ | |
| | ’ٹوکیو‘ کے ہوائی اڈّہ کا نام کیا ہے ؟ | .4 |
| 1 | جواب : نریتا۔ | |
| | مولانا محمد علی جوہر کو وشاکھا پٹنم کے مقام پر کس الزام میں گرفتار کیا گیا ؟ | .5 |
| 1 | جواب : بغاوت کے الزام میں۔ | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 6. | مُلا نصیر الدین کو اپنا وعدہ کب یاد آیا ؟ | |
| | جواب : دروازے پر جب دوست کی تحریر دیکھی۔ | 1 |
| 7. | لیفٹنٹ لارنس کے سامنے انتہائی نازک مسئلہ کونسا تھا ؟ | |
| | جواب : غذائی مسئلہ انتہائی نازک مسئلہ تھا۔ | 1 |
| 8. | کرشناراج ساگر بندھ کا سنگِ بنیاد کس نے رکھا ؟ | |
| | جواب : حضرت ٹیپو سلطان شہیدؒ۔ | 1 |
| 9. | مُلا نصیر الدین اپنے دوستوں کو کھانے پر کیوں لے گیا ؟ | |
| | جواب : دوستوں کے اصرار پر اپنی شیخی کا بھرم رکھنے کے لئے۔ | 1 |
| 10. | شاعر سید احمد شاکرؔ اپنے ہم وطنوں کو کیا پیغام دے رہے ہیں ؟ | |
| | جواب : یک جہتی کا پیغام۔ | 1 |
| 11. | قلعہ حشام کس کی بے مثال یادگار ہے ؟ | |
| | جواب : بہمنی سلاطین کی بے مثال یادگار۔ | 1 |
| 12. | قدیم زمانے میں لوگوں کو 'نانو ذرّات' کے متعلق زیادہ واقفیت نہیں تھی۔ کیوں ؟ | |
| | جواب : قدیم زمانے میں زیادہ استعداد رکھنے والی خوردبینوں کی ایجاد نہ ہونے کے سبب۔ | 1 |
| | دو یا تین جملوں کے جوابات : | 11 × 2 = 22 |
| 13. | حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا عُرس کب اور کس طرح منایا جاتا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | ہر سال ذیقعدہ کی 15 ویں تاریخ کو | 1 |
| | تزک واحتشام سے منایا جاتا ہے۔ | 1 |
| 14. | رامو کون تھا ؟ کس غرض سے وہ مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ گیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | رامو دھوبی کا ہمدرد تھا۔ | 1 |
| | مچھلیوں کے ڈپارٹمنٹ کو اس لئے گیا تاکہ دھوبی کے خاندان والوں کو مدد مل سکے۔ | 1 |
| 15. | شعروشاعری کے علاوہ عمر خیّام کی شہرت کس حیثیت سے ہوئی ؟ | |
| | جواب : | |
| | شاعر کے علاوہ عمر خیّام ماہرِ علم ریاضی تھے۔ | 1 |
| | علمِ طب میں بھی انہیں کافی مہارت تھی۔ علمِ ہئیت کے امام بھی تھے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| 16. | ’نانو‘ حالت میں آنے کے بعد ٹھوس شئے کے طبعی خواص میں کیا تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| | ٹھوس شئے کے طبعی خواص جیسے رنگ، کثافت، مقناطیسی کشش، سطحی رقبہ وغیرہ میں تبدیلی آجاتی ہے۔ | 1 |
| | حل پذیری، درجۂ پگھلاؤ، موصلی صلاحیت، انجذابی صلاحیت، جاذبی صلاحیت وغیرہ میں غیر معمولی فرق آجاتا ہے۔ | 1 |
| | (نوٹ: کوئی دو خواص لکھنے پر پورے نشانات دیئے جائیں) | |
| 17. | شاعر سید احمد شاؔکر نے گلی کوچوں میں صبح وشام کون سا منظر دیکھا ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | تعصب اور عداوت کا بُرا انجام دیکھا ہے۔ | 1 |
| | ہر طرف انسان کا خون بہتے دیکھا ہے۔ | 1 |
| 18. | مولانا محمد علی جوؔہر کا سِول سرویس امتحان میں ناکام ہونا کس لئے بہتر ثابت ہوا ؟ | |
| | جواب : | |
| | سول سرویس امتحان میں ناکام ہونے کے سبب انگریزوں کی ملازمت سے بچ گئے۔ | 1 |
| | برِصغیر کے مسلمانوں کی رہنمائی کا فرض ادا کرسکے۔ | 1 |
| 19. | راموکی کس بات کو سُن کر اینگلو انڈین کلرک کی آنکھیں چمک اٹھیں اور کیوں ؟ | |
| | جواب : | |
| | راموکی زبان سے مگرمچھ کا نام سن کر اینگلو انڈین کلرک کی آنکھیں چمک اٹھیں۔ | 1 |
| | وہ شکاری تھا، مگرمچھ کا شکار کرنا چاہتا تھا۔ | 1 |
| 20. | اکبؔر الہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟ وہ کیوں خود اپنے نہ ہوسکے ؟ | |
| | جواب : | |
| | اکبؔر الہ آبادی کو اِس بات کی پرواہ نہ رہی کہ دنیا والے اِن سے خوش رہیں۔ | 1 |
| | جب انہوں نے دیکھا کہ دنیا میں ان کا کوئی نہیں تو غم کی شدت سے وہ خود اپنے نہ ہوسکے۔ | 1 |
| 21. | سلیمان خطیب کے متعلق کہا گیا کہ وہ ’’کم سخن بھی ہیں، باتونی بھی۔‘‘ اس جملے کی وضاحت کیجئے۔ | |
| | جواب : | |
| | سلیمان خطیب کی شخصیت تہہ در تہہ تھی۔ وہ باہر سے کچھ اور نظر آتے مگر اندر سے کچھ اور ہوتے۔ | 1 |
| | بے تکلف محفلوں میں بہت زیادہ باتیں کرتے تھے اور بسا اوقات خاموشی اختیار کر لیتے تھے۔ | 1 |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .22 | حضور اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو لوگوں نے کس طرح اپنی محبت کا اظہار کیا ؟ | |
| | جواب : | |
| | حضور اکرمؐ جب حرمِ پاک پہنچے تو ماحول ''وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ '' کی صدا سے گونج اُٹھا۔ | 1 |
| | سب کی زبان پر یہی بات تھی کہ امتیوں کی شفاعت کرنے والے، دونوں جہاں کے لئے رحمت بنا کر بھیجے جانے والے آپؐ کے سوا کوئی اور نہیں۔ | 1 |
| .23 | سالِ کبیسہ (Leap year) سے کیا مُراد ہے ؟ | |
| | جواب : | |
| | جس سال میں 366 دن ہوتے ہیں اُسے سالِ کبیسہ کہا جاتا ہے۔ | 1 |
| | سالِ کبیسہ ہر چوتھے سال آتا ہے جسے فارسی میں سال وز دیدہ اور شمسی تقویم میں لیپ سال کہتے ہیں۔ | 1 |
| | تین چار جملوں کے جوابات : | 8 × 3 = 24 |
| | بحوالۂ متن جملوں کی تشریح : | |
| .24 | ''انہیں تو صرف تخلص بدلنا ہوتا ہے۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ ڈاکٹر وحید انجم کا لکھا خاکہ ''جہانِ علم وفن کا راہی : پروفیسر راہیؔ قریشی'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | یہ جملہ راہیؔ قریشی نے خاکہ نگار سے کہا | 1 |
| | جب خاکہ نگار اور اُن کے دوست اپنے کلام پر اصلاح کروانے کی درخواست کرنے لگے۔ | 1 |
| .25 | ''کل شیر شکاریوں کے غول میں گھِر جائے گا۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ خلیل منظرؔ کے لکھے ڈراما ''خاکِ وطن اور خونِ شہیداں'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | یہ جملہ میر صادق نے لفٹننٹ لازنس سے کہا۔ | 1 |
| | جب یہ لوگ ٹیپو سلطانؒ کو شہید کرنے کی سازش کر رہے تھے۔ | 1 |
| .26 | ''ارے بے وقوفو ! میں پچھلے دروازے سے بھی تو باہر جا سکتا تھا۔'' | |
| | جواب : | |
| | یہ جملہ ملا نصیر الدین کے قصّوں میں شامل قصہ ''مہمانوں پر کیا گزری'' سے لیا گیا ہے۔ | 1 |
| | یہ جملہ ملا نصیر الدین نے اپنے دوستوں سے کہا۔ | 1 |
| | جب مُلا نے دیکھا کہ اُس کے دوست اُس کی بیوی کی بات کا یقین نہیں کر رہے ہیں۔ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے : | |
| | موت کا ایک دن معین ہے | .27 |
| | نیند کیوں رات بھر نہیں آتی | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں مرزا غالبؔ کہتے ہیں۔ | |
| 1 | مرنے کا دن مقرر ہے یعنی جب تک حیات باقی رہتی ہے کوئی نہیں مرتا۔ | |
| 1 | پھر مجھے رات بھر نیند کیوں نہیں آتی ؟ | |
| | یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں | .28 |
| | تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں ڈاکٹر بشیر بدرؔ کہتے ہیں، | |
| 1 | میرا یہ عیش و آرام مجھے اپنے آباواجداد سے حاصل نہیں ہوا۔ | |
| 1 | زندگی کی بے شمار مصیبتوں کو جھیلنے کے بعد مجھے یہ آرام ملا ہے۔ | |
| | ہماری طرف اب وہ کم دیکھتے ہیں | .29 |
| | وہ نظریں نہیں جن کو ہم دیکھتے ہیں | |
| | جواب : | |
| 1 | اس شعر میں داغؔ دہلوی کہتے ہیں | |
| 1 | میرے محبوب کی توجہ اب مجھ پر کم ہوگئی ہے۔ اب وہ میری طرف زیادہ دیکھتا ہی نہیں۔ | |
| 1 | ہمیں جن نظروں کی اُمید ہے وہ نظریں ہمیں دکھائی نہیں دیتیں۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | درج ذیل سے کسی **ایک** کا تعارف لکھئے : | |
| | (i) مولانا الطاف حسین حالؔی (ii) مجتبیٰ حُسین | .30 |
| | جواب : | |
| | (i) **مولانا الطاف حسین حالؔی :** | |
| 1 | 1837ء کو بمقام پانی پت پیدا ہوئے، 1914ء میں انتقال کیا۔ | |
| | پورا نام محمد الطاف حسین، حالؔی تخلص۔ | |
| 1 | اردو کے اچھے شاعر، سوانح نگار اور نقاد تھے۔ | |
| 1 | یادگارِ غالب، حیاتِ جاوید، حیاتِ سعدی، مقدمہ شعر وشاعری اہم تصانیف ہیں۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **مجتبیٰ حُسین :** | |
| 1 | پیدائش 15 جولائی 1936ء، چنچولی، گلبرگہ | |
| | روزنامہ سیاست میں مزاحیہ کالم شیشہ و تیشہ سے ادبی زندگی کا آغاز کیا، مزاحیہ مضامین، خاکے اور سفرناموں | |
| 1 | کے مجموعے شائع ہوئے ہیں۔ | |
| 1 | تکلف برطرف، قطع کلام، آدمی نامہ، سو ہے وہ بھی آدمی، جاپان چلو جاپان چلو۔ ان کے تصانیف ہیں۔ | |
| | درج ذیل سے کسی **ایک** کا تعارف اپنے الفاظ میں لکھئے : | |
| | (i) میر تقی میرؔ (ii) کرشن چندر | |
| | جواب : | |
| | (i) **میر تقی میرؔ :** | .31 |
| 1 | نام میر تقی تخلص میرؔ، 1724ء میں آگرہ میں پیدا ہوئے 1810ء میں وفات پائی۔ | |
| 1 | میرؔ کو اُستادِ سخن، کہا گیا۔ غزل گوئی میں ان کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ | |
| 1 | کلام میں سادگی اور درد و اثر ہے۔ | |
| | **یا** | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | (ii) **کرشن چندر** : | |
| 1 | 19 نومبر 1913ء کو کشمیر میں پیدا ہوئے۔ 1977ء کو ممبئی میں انتقال ہوا۔ | |
| 1 | کامیاب افسانہ نگار اور ناول نویس تھے۔ آل انڈیا ریڈیو اور فلموں سے بھی وابستہ رہے۔ | |
| 1 | ان کی تصانیف میں ان داتا، ٹوٹے تارے، پرانے خدا، نظارے، شکست، حسینوں کا شہر شامل ہیں۔ | |
| 1 × 4 = 4 | درج ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے : | |
| | اُم المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔ | 32. |
| | **یا** | |
| | بوعلی سینا کے علم طبعیات، فنِ طب اور علمِ ریاضی پر کیا کیا احسانات رہے ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ اُم المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی دوسری صاحبزادی تھیں۔ صدیقہ لقب اور کنیت ام عبداللہ۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ حضور اکرمؐ کی سب سے زیادہ محبوب بیوی تھیں۔ حضرت جبرئیلؑ آپؓ کو سلام کرتے تھے۔ آپؓ سے بے شمار احادیث کی تصدیق ہوئی۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ کا حجرہ مسجد نبوی سے ملا ہوا تھا۔ آپؓ تاریخ، ادب اور طب میں بھی مہارت رکھتی تھیں۔ | |
| 1 | ☆ آپؓ غنی اور سخی تھیں۔ اپنا معمولی سا گھر آپؓ کے لئے کسی عالی شان محل سے کم نہ تھا۔ آپؓ کی کوئی اولاد نہیں تھی اس لئے یتیم بچوں کی پرورش کرتی رہیں۔ | |
| | **یا** | |
| | جواب : | |
| 1 | ☆ بوعلی سینا نے علمِ طبعیات میں حرکت، قوت، خلا، روشنی اور حرارت جیسے اہم مضامین پر گہرے تحقیقی کام کئے ہیں۔ | |
| 1 | ☆ سب سے پہلے سائنس دان ہیں جنہوں نے روشنی کی رفتار کا نظریہ پیش کیا۔ | |
| 1 | ☆ انہوں نے دواؤں سے ہٹ کر فنِ طب میں نفسیات سے علاج کیا۔ اس علاج کے وہ موجد اور ماہر تھے۔ | |
| 1 | ☆ انہیں علمِ ریاضی سے دلچسپی تھی۔ علمِ مساحت میں ایسے طریقے جانتے تھے جس کی مدد سے چھوٹی سی چھوٹی چیز کو ناپا جا سکتا تھا۔ ایسے نازک ترین پیمانے کے موجد تھے جسے ورنیر کہتے ہیں۔ | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 × 4 = 4 | درج ذیل نظموں سے کسی **ایک** نظم کے ابتدائی چار اشعار لکھیے : | |
| | (i) مولانا الطاف حسین حالیؔ کی 'حمد' ساری دنیا کے مالک | 33. |
| | **یا** | |
| | (ii) مولانا ابوالبیان حمادؔ کی 'نعت' وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ | |
| | جواب : | |
| | حمد: ساری دنیا کے مالک | |
| 1 | اے ساری دنیا کے مالک — راجا اور پرجا کے مالک | |
| 1 | سب سے انوکھے سب سے نرالے — آنکھ سے اوجھل دِل کے اُجالے | |
| 1 | ناؤ جگت کی کھینے والے — دکھ میں سہارا دینے والے | |
| 1 | جوت ہے تیری جَل اور تھَل میں — بَاس ہے تیری پھول اور پھل میں | |
| | **یا** | |
| | نعت : وہ آئے محمدؐ وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | ثنائے خدا ہے، ثنائے محمدؐ — رضائے الٰہی، رضائے محمدؐ | |
| 1 | حرم میں جو پہنچے تو گونجی صدایوں — وہ آئے محمدؐ، وہ آئے محمدؐ | |
| 1 | شفیع الامم، رحمتِ ہر دو عالَم — نہیں اور کوئی سوائے محمدؐ | |
| 1 | نگاہوں میں جچتا نہیں اور کوئی — مرے دل میں جب سے سمائے محمدؐ | |
| | **حصہ - ب/PART-B** | |
| 15 × 1 = 15 | درج ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں۔ موزوں ترین جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : | |
| | لفظ 'عرش' کی ضد ہے۔ | 34. |
| 1 | جواب : (D) فرش | |
| | اِن میں 'مذکر' لفظ ہے۔ | 35. |
| 1 | جواب : (B) رنج | |
| | لفظ 'ایجاد' کی جمع ہے۔ | 36. |
| 1 | جواب : (C) ایجادات | |
| | عَلَم کے معنی 'جھنڈے' کے ہیں اور اَلَم کے معنی ہیں۔ | 37. |
| 1 | جواب : (A) غم | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| | ’سڑکیں ناپنا‘ ایک محاورہ ہے اس کے معنی ہیں۔ | .38 |
| 1 | جواب : (C) بے وجہ سڑکوں پر پھرنا | |
| | ’رباعی‘ میں مصرعوں کی کُل تعداد ہوتی ہے۔ | .39 |
| 1 | جواب : (D) چار | |
| | ’غزل‘ کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہوتا ہے، کہلاتا ہے۔ | .40 |
| 1 | جواب : (B) مقطع | |
| | ’مضمون‘ کے تین حصّے ہیں۔ | .41 |
| 1 | جواب : (A) تمہید، نفسِ مضمون، اختتام | |
| | جوش، خوشی، غم یا کسی دوسرے جذبے کے اظہار کے موقع پر بے ساختہ نکل جانے والے الفاظ کہلاتے ہیں۔ | .42 |
| 1 | جواب : (C) حروفِ فجائیہ | |
| | چار ’حروفِ تخصیص‘ یہ ہیں۔ | .43 |
| 1 | جواب : (A) ہر، ہی، بھی، تو | |
| | اِن جملوں میں ’مفرد جملہ‘ ہے۔ | .44 |
| 1 | جواب : (B) لڑکی گا رہی ہے۔ | |
| | اِن میں ’فن خاکہ نگاری‘ سے تعلق رکھنے والا سبق ہے۔ | .45 |
| 1 | جواب : (A) جہانِ علم و فن کا راہی : پروفیسر راہی قریشی | |
| | اِن میں ’مرکب لفظ‘ ہے۔ | .46 |
| 1 | جواب : (C) کتب خانہ | |
| | ’سابقے‘ سے بنے لفظ کی نشاندہی کیجیے۔ | .47 |
| 1 | جواب : (B) ہم محلّہ | |
| | کنبے والوں، رشتہ داروں، دوستوں اور ملنے جلنے والوں کو لکھے جانے والے خطوط کہلاتے ہیں۔ | .48 |
| 1 | جواب : (D) نجی خطوط | |
| 2 × 2 = 4 | درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : | |
| | ان الفاظ کو جملوں میں استعمال کیجیے : | |
| | (i) یادگار (ii) شکایت | .49 |
| | جواب : | |
| 1 | (i) تاج محل مغلیہ سلطنت کی یادگار عمارت ہے۔ | |
| 1 | (ii) میرے دوست کو ہمیشہ پیٹ درد کی شکایت رہتی ہے۔ (کوئی بھی صحیح جملہ لکھا جا سکتا ہے) | |

| سوال نمبرات | متوقع جوابات | مارکس |
|---|---|---|
| .50 | مستقل کلمہ اور غیر مستقل کلمہ کی تعریف کیجیے۔ | |
| | جواب : | |
| | وہ کلمہ جو خود معنی دیتا ہو مستقل کلمہ کہلاتا ہے۔ | 1 |
| | وہ کلمہ جو خود معنی نہیں دیتا بلکہ دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہے غیر مستقل کلمہ کہلاتا ہے۔ | 1 |
| | **PART-C/حصّہ - ج** | |
| | انگریزی جملوں کا آسان اُردو زبان میں ترجمہ : | 3 × 1 = 3 |
| .51 | i) Salma is a good girl | |
| | ii) She is studying in tenth standard | |
| | iii) She sings well | |
| | جواب : | |
| | (i) سلمٰی اچھی لڑکی ہے۔ | 1 |
| | (ii) وہ دسویں جماعت میں پڑھتی ہے۔ | 1 |
| | (iii) وہ اچھا گاتی ہے۔ | 1 |
| .52 | اپنے میر معلم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھیے، جس میں مناسب وجہ بتاتے ہوئے تین دن کی رخصت طلب کی گئی ہو۔ | 1 × 4 = 4 |
| | **یا** | |
| | اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھیے، جس میں اپنی پڑھائی اور امتحان کا ذکر ہو۔ | |
| | جواب : | |
| | **میر معلم/معلّمہ کے نام خط :** | |
| | i) منجانب/ نام : XYZ | 1 |
| | ii) بخدمت : میر معلم/معلّمہ | |
| | iii) عرضِ مدعا : تین دن کی چھٹی کی درخواست | 1 |
| | iv) مضمون خط : مناسب وجہ بتا کر رخصت کی طلب | 1 |
| | v) اختتام : آپ کا/آپ کی فرمابردار شاگرد/ شاگردہ | 1 |
| | vi) مقام/ تاریخ : | |
| | **یا** | |
| | **والد/ والدہ کے نام خط:** | |
| | i) نام : XYZ | 1 |
| | ii) مقام و تاریخ : | |
| | iii) آداب/ القاب : محترم/محترمہ | 1 |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
|---|---|---|
| 1 | (iv مضمون خط : پڑھائی اور امتحان کا ذکر | |
| 1 | (v اختتام : فرمابردار بیٹا/ بیٹی | |
| | (vi مکتوب الیہ کا نام و پتہ : | |
| 1 × 4 = 4 | کسی ایک عنوان پر مضمون : | |
| | (i) ماحول کی اہمیت اور اس کی حفاظت | .53 |
| | (ii) میرا پسندیدہ مشغلہ | |
| | (iii) ٹی-وی کے فائدے | |
| | جواب : | |
| | (i) **ماحول کی اہمیت اور اس کی حفاظت :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، ضرب المثل سے آغاز کرنا۔ | |
| 2 | (b) نفس مضمون - (i) ماحول کی تعریف<br>(ii) جانداروں کے لئے ماحول کی ضرورت<br>(iii) ماحول کی آلودگی کی وجوہات<br>(iv) آلودگی کے نقصانات<br>(v) حفاظتی طریقے | |
| 1 | (c) اختتام - اعادہ/مضمون سے متعلق ذاتی رائے۔ | |
| | **یا** | |
| | (ii) **میرا پسندیدہ مشغلہ :** | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا | |
| 2 | (b) نفس مضمون - (i) انسان کی فطرت اور وقت کی اہمیت<br>(ii) پسندیدہ مشغلہ اور پسند کی وجہ<br>(iii) پسندیدہ مشغلہ کے فائدے | |
| 1 | (c) اختتام - اعادہ/ ذاتی رائے | |

| مارکس | متوقع جوابات | سوال نمبرات |
| --- | --- | --- |
| | (iii) ٹی وی کے فائدے : | |
| 1 | (a) تمہید - کسی قول، فقرہ یا ضرب المثل سے آغاز کرنا | |
| | (b) نفس مضمون - (i) سائنسی ایجادات میں ٹی وی کی اہمیت | |
| 2 | (ii) ٹی، وی کے پروگراموں سے سماج پر پڑنے والے اچھے اثرات | |
| | (iii) ٹی، وی سے طلباء کو ہونے والے فائدے۔ | |
| 1 | (c) اختتام - اعادہ/ ٹی وی کے فوائد سے متعلق ذاتی رائے | |
| 4 × 1 = 4 | درج ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے گئے سوالات کے مختصر جوابات لکھئے : | |
| | سورج کو شمس بھی کہتے ہیں۔ سورج سے نکلنے والی روشنی اور گرمی کو شمسی توانائی کہا جاتا ہے۔ سورج سے ہمیں صرف روشنی اور گرمی نہیں بلکہ غذا بھی حاصل ہوتی ہے۔ دراصل پودے سورج کی روشنی میں شعاعی ترکیب کے ذریعہ غذا تیار کرتے ہیں۔ غذا توانائی کا ذریعہ ہوتی ہے۔ پودے اپنی تیار کردہ غذا کو پھلوں، پھولوں، بیجوں، تنوں، جڑوں اور پتّوں میں محفوظ رکھتے ہیں۔ انسان اور دیگر جانور پودوں کو کھا کر توانائی حاصل کرتے ہیں۔ | 54. |
| | سوالات : | |
| | (i) شمسی توانائی سے کیا مراد ہے ؟ | |
| | (ii) پودے کس کے ذریعہ غذا تیار کرتے ہیں ؟ | |
| | (iii) پودے غذا کو کہاں کہاں محفوظ رکھتے ہیں ؟ | |
| | (iv) انسان اور دیگر جانور کس طرح توانائی حاصل کرتے ہیں ؟ | |
| | جواب : | |
| 1 | i) سورج سے نکلنے والی روشنی اور گرمی کو شمسی توانائی کہا جاتا ہے۔ | |
| 1 | ii) پودے شعاعی ترکیب کے ذریعے غذا تیار کرتے ہیں۔ | |
| 1 | iii) پودے اپنے پھلوں، پھولوں، بیجوں، تنوں، جڑوں اور پتّوں میں غذا محفوظ رکھتے ہیں۔ | |
| 1 | iv) پودوں کو کھا کر انسان اور دیگر جانور توانائی حاصل کرتے ہیں۔ | |